سوال

(64) غسل شروع کرے وقت بسم اللہ پڑھنا واجب ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا غسل شروع کرے وقت بسم اللہ پڑھنا واجب ہے؟ (فتاویٰ الامارات: 140)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جی ہاں غسل کرتے وقت بسم اللہ پڑھنا واجب ہے۔ کیونکہ غسل وضو کا قائم مقام ہے جس نے وضو کے شروع میں بسم اللہ نہ پڑھی تو اس کا وضو نہیں ہوتا۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ البانیہ

طہارت کے مسائل صفحہ: 159

محدث فتویٰ